130919-قبروں پر تعمیرات قائم کرنا حرام ہے۔

سوال

سوال : قبروں پر تعمیرات قائم کرنے کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

قبروں پر تعمیرات قائم کرنا حرام ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے، کیونکہ اس طرح قبر میں دفن اشخاص کی تعظیم ہوتی ہے، اوراسی طرح یہ عمل غیر اللہ کی عبادت یعنی قبروں کی پوجا کا بھی ذریعہ ہے ، جیسے کہ یہ بات قبروں پر بنائی گئی بہت سی تعمیرات میں ہورہا ہے، کہ لوگ ان قبروں میں مدفون لوگوں کو اللہ کے برابر شریک بنانے لگے ہیں، اوران سے اپنی حاجت روائی طلب کرتے ہیں ۔

حالانکہ قبروں میں مدفون لوگوں سے دعا مانگنا، اپنی مشکل کشائی کیلئے ان سے مدد طلب کرنا، شرک اکبر ہے، اوراسلام سے مرتد ہونے کا موجب ہے ۔ اللہ ہی ہماری مدد فرمائے " انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ

"فتاوی العقیدۃ" (صفحہ : 26)

مزید کیلئے آپ سوال نمبر (83133) کا جواب ملاحظہ فرمائیں ۔ .